نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبے کے تحت پیداواری مقابلہ 2022-23ء کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب۔جیتنے والے کاشتکاروں کے لیے کروڑوں روپے کے نقد انعامات

لاہور13دسمبر2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ پر عملدرآمد جاری ہے۔اس منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کو زرعی مداخل اور جدید زرعی مشینری سبسڈی پر فراہم کی جارہی ہے۔کاشتکاروں کے مابین صحت مندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا کرنے کیلئے اس منصوبے کے تحت صوبہ پنجاب میں گندم کے پیداواری مقابلہ 2022-23 کے لئے 5یا5 ایکڑ سے زیادہ قابل کاشت زرعی اراضی کے مالک مرد وخواتین کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہیں۔اس کے علاوہ مشترکہ کھاتہ رکھنے والے زمینداران بھی اہل ہیں نیز مزارعین/ٹھیکیداران بھی دستاویزات کی تحصیل کمیٹی کی طرف سے تصدیق کرانے کے بعد درخواست دے سکتے ہیں۔پیداواری مقابلہ میں حصہ لینے والے گندم کے آبپاش علاقوں کے کاشتکار 5 ایکڑ جبکہ بارانی علاقوں کے کاشتکار 2 ایکڑ متصل فصل گندم جس میں کوئی بھی منظور وتصدیق شدہ قسم کاشت کی گئی ہو، مقابلہ کے لیے پیش کریں گے۔مقابلہ میں حصہ لینے کے لیے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جو متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) اور زراعت آفیسر (توسیع) کے دفاتر سے مفت حاصل کیے جاسکتے ہیں یا محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی۔**مکمل درخواستیں اپنی تحصیل کے متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر میں جمع کروائیں۔** مقابلہ جات ضلع اور صوبائی سطح پر منعقد ہوں گے۔اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سینٹرز، ان کے فیملی ممبرز اور گریڈ 17 اور اوپر کے سرکاری ملازمین درخواست دینے کے اہل نہ ہوں گے جبکہ محکمہ مال، محکمہ زراعت، پنجاب کے تمام ملازمین اس مقابلہ میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ان کے علاوہ وہ ترقی پسند کسان جو ضلعی یا ڈویژنل کمیٹی کے ارکان مقرر ہوں گے وہ بھی اس مقابلہ میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔صوبائی کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔**مکمل درخواستیں 31 جنوری 2023ء تک وصول کی جائیں گی۔** مزید معلومات ورہنمائی کے لیے کاشتکار بروز سوموار تا جمعہ دفتری اوقات میں زرعی ہیلپ لائن **0800-17000** پر کال کرکے معلومات حاصل کرسکتے ہیں

☆☆☆☆